1989ء سے مسلسل اشاعت

7 تا 13 اکتوبر 2022 | شمارہ نمبر 41 | جلد نمبر 34

MC - 547 Price Rs. 70/-


ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ


FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands of the year Award 2010, 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET




## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 70 روپے

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# روپے کی قدر میں اضافہ جاری، ڈالر 223 روپے تک آگیا

کراچی (بزنس ڈیسک) ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، آج انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر تقریباً 2 روپے سستا ہوا ہے۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق روپے کی قدر 4 اکتوبر کو 225 روپے 64 پیسے پر بند ہونے کے بعد آج 5 اکتوبر 2022 کو 2 روپے 14 پیسے مزید بڑھ گئی، صبح 10 بجے کے قریب ڈالر کی قدر 0.95 فیصد بہتری کے ساتھ 223 روپے 50 پیسے تک آگئی۔ گزشتہ 8 روز کے دوران ڈالر کی قدر میں 14 روپے 7 پیسے یا 5.87 فیصد کی کمی واقع ہوئی ہے۔ معاشی تجزیہ کاروں نے روپے کی مضبوطی کی وجہ ستمبر میں ملکی درآمدی بل میں کمی کو قرار دیا ہے اور توقع ظاہر کی ہے کہ نئے وزیر خزانہ اسحٰق ڈار موجودہ شرح کو مستحکم کرنے کے لیے اقدامات کریں گے۔ بروکریج ہاؤس ٹاپ لائن سیکیورٹیز کے چیف ایگزیکٹو افسر محمد سہیل نے کہا کہ 'ستمبر میں درآمدات میں کمی روپے کی قدر میں بہتری میں مدد دے رہی ہے، علاوہ ازیں یہ قیاس آرائیاں بھی کی جارہی ہیں کہ نئے وزیر خزانہ روپے کو مستحکم کرنے کے لیے اقدامات کریں گے'۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری ظفر پراچا نے بھی روپے کی قدر میں تیزی سے بہتری کی وجہ گزشتہ ماہ درآمدات کم ہونے اور ماہانہ بنیادوں پر تجارتی خسارے میں 20 فیصد کمی جیسے عوامل کو ٹھہرایا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ 'ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کی سختیوں کے اثرات مارکیٹ میں روپے کی قدر بحال کر رہے ہیں، ستمبر میں درآمدی بل 13 فیصد گرا ہے، تجارتی خسارہ بھی 20 فیصد کم ہوا ہے جو آنے والے روز میں روپے کی قدر کو مزید بہتر بنائے گا'۔ انہوں نے کہا کہ 'مہنگائی بھی کم ہو رہی ہے جس سے امید ہے کہ مالیاتی پالیسی مزید سخت نہیں ہوگی، ان عوامل کے مثبت اثرات بھی روپے کی قدر کو مزید بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوں گے'۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر خزانہ کا ہنڈی حوالے کے خلاف ایکشن کے بعد سے سٹہ باز (جو مصنوعی طریقے سے ڈالر کی قیمت بڑھا رہے تھے) بھی اب اسٹاک کردہ ڈالر فروخت کر رہے ہیں، جس سے اوپن مارکیٹ میں بھی ڈالر کی طلب کم ہوئی ہے۔ اس حوالے سے حکومت نے دیگر اقدامات کے علاوہ شرح تبادلہ میں بینکوں کے کردار کے حوالے سے تحقیقات بھی شروع کردی ہیں۔

# فرینکفرٹ بک فیئر میں اپیما کا وفد شرکت کرے گا

## خامس سعید بٹ کی قیادت میں 14 ممبران پر مشتمل وفد 18 اکتوبر کو جرمنی روانہ ہوگا



لاہور (نمائندہ خصوصی) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن لاہور کے بزنس مین گروپ کے لیڈر، نومنتخب رکن منیجنگ کمیٹی لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری خامس سعید بٹ کی قیادت میں ایک وفد فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کے لیے 18 تا 23 اکتوبر تک جرمنی کا دورہ کرے گا۔ بک فیئر 19 اکتوبر 2022 سے شروع ہوگا۔ اس سلسلے میں تیاریاں تیزی سے جاری ہیں۔




آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے چیئرمین اپیما ملک احد امین اور سابق سینئر وائس چیئرمین باؤ محمد بشیر کی قیادت میں لاہور چیمبر کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دینے کے لیے ان سے 5 اکتوبر 2022 کو لاہور چیمبر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں اپیما کے دیگر اراکین بھی موجود ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# چیمبرز اور ایسوسی ایشنز کے نئے عہدیداروں نے چارج سنبھال لیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پورے پاکستان میں 220 ایوان ہائے تجارت و صنعت اور قومی ٹریڈ تنظیموں کے نئے منتخب عہدیداروں نے یکم اکتوبر سے 30 ستمبر 2023ء تک کیلئے چارج لے لیا ہے، جبکہ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نئے عہدیدار یکم جنوری 2023ء کو چارج سنبھالیں گے۔ دسمبر کے وسط میں ایوان ہائے تجارت وصنعت کی کل پاکستان فیڈریشن کے نئے کیلنڈر سال کے صدر، سینئر نائب صدر، نائب صدر اور منیجنگ کمیٹی کے عہدیداروں کے الیکشن ہونگے جن کیلئے پورے ملک میں انتخابی مہم مسلسل جاری ہے۔ روٹیشن میں نیا ایف پی سی سی آئی کا صدر اسلام آباد سے منتخب کرایا جائیگا۔ بزنس گروپ نے عاطف اکرام کو اپنا امیدوار نامزد کیا ہوا ہے۔ پاکستان میں 17 ویمن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری ہیں۔ اسکے علاوہ 9 چیمبرز آف سمال ٹریڈرز بھی ہیں۔ ایوان ہائے تجارت وصنعت کے کل پاکستان وفاق کے انتخابات کے علاوہ ملک بھر کے 59 چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری، 17 ویمن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری، 9 چیمبرز آف سمال ٹریڈرز اور 130 آل پاکستان ٹریڈ ایسوسی ایشنوں اور 7 جوائنٹ چیمبرز آف کامرس کے سالانہ الیکشن ڈائریکٹر جنرل وزارت تجارت کے حکم کے مطابق 30 ستمبر سے پہلے ہر سال کرانا ضروری ہیں۔

## کراچی چیمبر: محمد طارق یوسف صدر منتخب

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کی منیجنگ کمیٹی نے متفقہ طور پر محمد طارق یوسف کو 2022-23 کے لیے کے سی سی آئی کا صدر منتخب کیا ہے۔ بدھ 28 ستمبر کو ہونے والے اجلاس میں توصیف احمد سینئر نائب صدر اور محمد حارث اگر نائب صدر منتخب ہو گئے۔ چیئر مین بی ایم جی و سابق صدر کے سی سی آئی زبیر موتی والا، وائس چیئر مین بی ایم جی طاہر خالق، ہارون فاروقی، انجم نثار، جاوید بلوانی اور جنرل سیکرٹری اے کیو خلیل نے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نومنتخب عہدیداران کے سی سی آئی کے امور کو مزید بہتر بنانے کے لیے بھرپور کوشش کریں گے اور ملک بھر کو درپیش موجودہ مالی بحران میں تاجر وصنعتکار برادری کے مسائل کو حل کرنے کے لیے تندہی سے کام کریں گے۔

## کیپیٹل ویلیو ٹیکس: آن لائن ڈیکلیریشن لازمی قرار

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے اندرون ملک و بیرون ایک سے زیادہ منقولہ و غیر منقولہ اثاثے رکھنے والے پاکستانیوں کے لئے کیپیٹل ویلیو ٹیکس جمع کرا کر آن لائن ڈکلیریشن کو لازمی قرار دیدیا ہے۔ ٹیکس دہندگان کو ایف بی آر کے آن لائن سسٹم آئی آر آئی ایس کے ذریعے الیکٹرانکلی ڈیکلریشن جمع کرانا ہونگے۔

## ملک مقبول آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن کے بلا مقابلہ چیرمین منتخب

کراچی (نیوز ڈیسک) آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن نے ملک مقبول احمد کو بلا مقابلہ چیئرمین اور ثاقب سلطان وائس چیرمین منتخب ہوے پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوی ایشن کی سالانہ جنرل باڈی اجلاس (اے جی ایم) کراچی کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی مہمان خصوصی نائب صدر فیڈریشن آف پاکستان کامرس اینڈ انڈسٹری شبیر احمد منشا تھے۔ بانی آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن اور سابق چیرمین شمس برنی، سابق چیرمین کراچی کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن محمد یحیٰی اور محمود اعوان، کراچی کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن کے نومنتخب چیئرمین ندیم کامل اور جنرل سیکرٹری زاہد بشیر نے بھی شرکت کی سبکدوش ہونے والے چیئرمین آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن قمر اسلام (2021-2022) نے اپنے کارکردگی دپورٹ پیش کی اور تمام ممبران کو خوش آمدید کہا انہوں نے اے پی سی اے اے، کے سی سی اے اور ان کے درمیان اتحاد کی ضرورت پر زور دیا تجارت سے وابستہ مستقبل کے چیلنجوں سے نمٹنے پر زور دیا انہوں نے اے پی سی اے اے کے وائس چیئرمین ضیاء الحق سرہدی کی حالیہ کوششوں سے ممبران کو آگاہ کیا جنہوں کسٹم ایجنٹس کمیونٹی کی بہتری کے لیے کراچی کا دورہ کیا ان کے دور میں اے پی سی اے اے کی کوششوں کی مکمل کارکردگی کی سالانہ رپورٹ پیش کی گئیں بعد ازاں سابق نائب چیئرمین محمد ساجد اور نومنتخب نائب چیئرمین قمر عالم اور دیگر کسٹم ایجنٹس نمائندوں اور منتخب عہدیداروں نے اے پی سی اے اے اور کے سی سی اے کے ممبران نے بھی خطاب کیا اور ٹیکنالوجی کی اہمیت پر زور دیا جس کا ہونا اب وقت کی ضرورت ہے کسٹم کی جانب سے متعارف کرائی گئی نئی اپلیکیشنز پر عبور حاصل کرے پر بھی زور دیا فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے وقت کی بچت اور کام کی لاگت کو کم کرنے کے لیے پاکستان سنگل ونڈو (PSW) کی تعریف کی اور آخری لمحات میں عہدیداران میں شیلڈ تقسیم کی گئی۔

## چیمبرز اور ٹریڈ ایسوسی ایشنز ڈی جی ٹی او قوانین کی خلاف ورزی کر رہی ہیں، ظفر اقبال

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابقہ ایگزیکٹو ممبر ظفر اقبال بٹ نے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن آفس اسلام آباد میں پٹیشن دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ پاکستان کے تمام چیمبرز، اسمال چیمبرز اور نان کلاسیفائیڈ چیمبرز ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ کی خلاف ورزی کر رہے ہیں، کسی بھی چیمبر اور ٹریڈ ایسوسی ایشن نے اپنی ویب سائٹ پر قانونی طریقہ کار کے مطابق میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن نہیں اپ لوڈ نہیں کیا اور نا ہی ایگزیکٹو ممبرز کی میٹنگز کا شیڈول جاری کیا ہے، منٹس آف میٹنگز کو بھی ممبران سے چھپایا جاتا ہے، قبضہ گروپ سالانہ الیکشن میں بڑی مہارت سے منٹس آف میٹنگز تبدیل کر کے قابض گروپس چیمبرز اور ٹریڈ ایسوسیشن پر اپنا قبضہ جمائے ہوئے ہیں اپنا قبضہ برقرار رکھتے ہیں۔ ظفر اقبال بٹ نے بذریعہ احمد رضا ایڈووکیٹ ڈی جی ٹی او سے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2017 کے تحت پوچھا ہے کہ انھیں ڈی جی ٹی او آفس سے جاری کردہ شوکاز نوٹسز کی تفصیل، چیمبرز اور ٹریڈ آرگنائزیشنز سے ریکور کئے گئے جرمانوں کی تفصیل اور نوٹسز جاری کرنے کے فوراً بعد نوٹسز کو واپس لینے کی وجوہات، ڈی جی ٹی او کے خلاف توہینِ عدالت کی تفصیل، ڈی جی ٹی او کے فیصلوں کے خلاف اپیلز کی مکمل تفصیل بتائی جائے۔ اس کے علاوہ پٹیشن میں ڈی جی ٹی او کے دفتر کی طرف سے مختلف چیمبرز اور ٹریڈ آرگنائزیشنز کو چیک کرنے، ایڈمنسٹریٹرز کی تعیناتی اور نجی چیمبرز اور ٹریڈ آرگنائزیشنز سے موصول شدہ وظیفہ جات، ڈی جی ٹی او آفس کے آڈٹ کی تفصیلات بھی مانگی گئی ہیں۔ درخواست گزار نے پوچھا ہے کہ ڈی جی ٹی او دفتر نے کبھی اپنی بیلنس شیٹ اور اسٹیٹمنٹ اپنی ویب سائٹ پر ظاہر کی ہیں چیمبرز اور ٹریڈ آرگنائزیشنز کو جو فنڈز بیرون ممالک اور حکومت کی طرف سے دیئے گئے ہیں انکی تفصیل بھی مانگی ہے۔ سائل نے سوال کیا ہے کہ ڈی جی ٹی او دفتر میں کتنی شکایات زیر التوا ہیں کتنی ٹریڈ ایسوسی ایشنز کو ضم کرنے کے لئے نوٹسز بھجوائے گئے ہیں اور یہ کہ ایک عام درخواست پر ڈی جی ٹی او آفس کتنے عرصے میں فیصلہ کر دیتا ہے ڈی جی ٹی او آفس میں ملازمین کی تعداد کتنی ہے گاڑیوں کی تفصیلات اور ان پر کئے گئے سالانہ اخراجات وغیرہ کیا ہیں۔ پیٹشن میں پاکستان چیمبرز اور ٹریڈ آرگنائزیشنز کے لائسنسز کینسل کرنے کی بھی استدعا کی گئی ہے چونکہ یہ سب آئینی ذمہ داری پوری نہیں کر رہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111



# ایف بی آر ٹیم مزید ٹیکس اکٹھا کرنے کی کوشش کرے، وزیر خزانہ کی ہدایت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے ایف بی آر ٹیم کو مزید ٹیکس اکٹھا کرنے کیلئے کوششیں جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ ذرائع کے مطابق سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کا دورہ کیا اور ایف بی آر کی ریونیو کارکردگی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی۔ وزیر خزانہ نے مقررہ اہداف کو پورا کرنے میں ایف بی آر ٹیم کی کاوشوں کو سراہا، وفاقی وزیر نے ایف بی آر ٹیم کو ان کے فرائض کی انجام دہی میں ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے ایف بی آر ٹیم کو کہا کہ وہ تیزی سے بدلتی معاشی تبدیلیوں سے ہم آہنگ ہونے کے لیے خود کو تیار کریں۔ اسحاق ڈار نے ایف بی آر ٹیم سے کہا کہ وہ مزید ٹیکس اکٹھا کرنے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔ وفاقی وزیر نے رواں مالی سال میں امیروں پر ٹیکس لگا کر براہ راست ٹیکس (انکم ٹیکس اور کیپٹل ویلیو ٹیکس) کا حصہ بڑھانے کے ایف بی آر کے اقدام کی تعریف کی۔ وزیر خزانہ نے ٹیکس پالیسیاں وضع کرنے کے ساتھ ساتھ ریونیو اکٹھا کرنے کی کوششوں میں ٹیکس دہندگان سے رابطوں اور ان کی آراء کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ اجلاس میں چیئرمین ایف بی آر اور بورڈ کے ممبران نے شرکت کی اس موقع پر چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے ایف بی آر ٹیم کی جانب سے وفاقی وزیر کا پرتپاک استقبال کیا۔ اجلاس کے دوران چیئرمین ایف بی آر نے وفاقی وزیر کو ایف بی آر کی جانب سے محصولات بڑھانے کیلئے اٹھائے گئے مختلف اقدامات پر ایک جامع بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ایف بی آر نے جولائی اور اگست 2022 کے ماہانہ محصولات کے اہداف کامیابی سے حاصل کر لیے ہیں اور انشا اللہ ستمبر 2022 تک کا سہ ماہی ہدف بھی حاصل کر لے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایف بی آر نے یہ اعلی کارکردگی سیلاب کی وجہ سے معاشی سست روی، مہنگائی کی وجہ سے طلب میں کمی، درآمدات میں نمایاں کمی کے باوجود اور پی او ایل کی مصنوعات پر سیلز ٹیکس لگائے بغیر حاصل کی ہے۔

## ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت نے ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کر دی۔ ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کر دی گئی، اب ٹیکس گوشوارے 31 اکتوبر تک جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بہت سے لوگوں نے گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کی درخواست کی ہے۔ گوشوارے جمع کرانے کیلئے سسٹم پر بہت لوڈ ہے، واضح رہے کہ ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر دی گئی تھی اور ایف بی آر نے اس میں توسیع نہ کرنے کا اعلان بھی کیا تھا۔

## انٹر بینک سے اضافی رقوم کی وصولی پر 8 بینکوں کو نوٹسز جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) گزشتہ چند ماہ میں ڈالر کی قیمت میں اضافے کے دوران نجی بینکوں نے خوب فائدہ اٹھایا، نجی بینکس نے اس دوران 56 ارب روپے کا منافع کمایا۔ تفصیلات کے مطابق ذرائع وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ گزشتہ کچھ عرصے سے ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر سے کھیلا جاتا رہا، نجی بینک موقع دیکھ کر فائدہ اٹھاتے رہے۔ ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ ڈالر کے اتار چڑھاؤ میں نجی بینکوں نے 56 ارب روپے کا منافع کمایا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈالر کی قیمت میں اضافے پر اسٹیٹ بینک نے نجی بینکوں سے تحقیقات کا فیصلہ کیا ہے، بینکوں نے ایل سیز کھولنے کے لیے انٹر بینک ریٹ سے اضافی رقم وصول کی۔ اسٹیٹ بینک نے 8 نجی بینکوں کو نوٹسز بھی جاری کر دیے ہیں، اسٹیٹ بینک کی تحقیقاتی رپورٹ جلد مکمل ہو جائے گی، تحقیقاتی رپورٹ وزیر خزانہ اسحٰق ڈار کو پیش کی جائے گی۔

# شرح تبادلہ میں بینکوں کے کردار کے حوالے سے تحقیقات کا آغاز کر دیا، گورنر اسٹیٹ بینک

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے گورنر جمیل احمد نے 3 اکتوبر 2022 کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو بتایا کہ شرح تبادلہ میں بینکوں کے کردار کے حوالے سے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ قیصر احمد شیخ کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں مرکزی بینک کے گورنر جمیل احمد نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں 8 بینکوں کے خلاف تحقیقات شروع کی گئی ہیں جن میں حبیب بینک لمیٹڈ، بینک الحبیب، میزان بینک لمیٹڈ، یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (یو بی ایل)، الائیڈ بینک لمیٹڈ (اے بی ایل)، نیشنل بینک آف پاکستان (این بی پی) اور اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک شامل ہیں۔ انہوں نے اجلاس کو بتایا کہ الائیڈ بینک، نیشنل بینک اور اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کو شوکاز نوٹس بھیجے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دوسرے مرحلے میں باقی بینکوں کے خلاف بھی تحقیقات کریں گے۔ اس سے قبل ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا تھا کہ بینکوں نے ایسے وقت میں امریکی کرنسی کی خریداری کو دوگنا کر دیا ہے جب حکومت ڈالر کے اخراج کو کنٹرول کرنے کے لیے کوشاں ہے اور بینکوں کی جانب سے کریڈٹ کارڈز کے ذریعے ڈالر بیرون ملک بھیجا جا رہا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی برجیس طاہر نے کہا کہ ان بینکوں کے خلاف اب تک کوئی تحقیقات نہیں ہوئیں؟ اگر اب تک ان بینکوں کے خلاف کچھ نہیں ہوا تو آگے بھی کچھ نہیں ہوگا۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ ان بینکوں کے خلاف تحقیقات ہو رہی ہیں، کسی نے تحقیقات سے نہیں روکا۔ چیئرمین قیصر احمد شیخ کا کہنا تھا کہ تین مہینے تک بینکس ڈالرز بناتے رہے۔ رکن برجیس طاہر کا کہنا تھا کہ جن بینکوں نے ملکی معیشت کا گلا کاٹا ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ ڈالر کو 200 روپے پر لانے کا کیا طریقہ کار ہوگا؟ برجیس طاہر ان کا کہنا تھا کہ ڈار صاحب نے کہا ہے کہ ڈالر 200 روپے کا ہوگا، ڈالر کو 200 روپے پر لانے کا کیا طریقہ کار ہوگا؟ برجیس طاہر نے مزید سوال اٹھایا کہ یہ ڈالر کا کیا تماشا ہے؟ اور ڈالر کی وجہ سے بجلی اور پیٹرول کی قیمتیں بڑھی ہیں۔

# ایکسچینج کمپنیوں کے درمیان شفافیت بڑھانے کیلئے زرمبادلہ ضوابط میں ترامیم

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایکسچینج کمپنیوں کے باہمی لین دین میں شفافیت بڑھانے کے لیے زرمبادلہ ضوابط میں ترامیم کر دیں ہیں۔ ترمیم شدہ ضوابط کے مطابق ایکسچینج کمپنیوں، ایکسچینج کمپنیوں کے فرنچائزز اور بی کیٹگری کی ایکسچینج کمپنیوں کے لیے لازمی ہو گیا ہے کہ وہ اپنے بینک کھاتوں کے ذریعے آپس میں زرمبادلہ کی خرید و فروخت کا پاکستانی روپے میں تصفیہ (سیٹلمنٹ) کروائیں۔ علاوہ ازیں کمپنیوں کو اس بات کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا ہے کہ موجودہ ضوابط کے مطابق ایکسچینج کمپنیوں اور بی کیٹگری کی ایکسچینج کمپنیوں کے سی سی ٹی وی سسٹم ہر وقت (یعنی روزانہ چوبیس گھنٹے اور ہفتے میں ساتوں دن) درست کام کرتے رہنے چاہئیں۔ تاہم شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے کمپنیوں کو یہ ہدایت کی گئی ہے کہ جس دورانیے میں کسی آؤٹ لیٹ پر کسی وجہ بشمول تکنیکی اسباب کی بنا پر سی سی ٹی وی سسٹم کام نہ کر رہا ہو اُس دورانیے میں ایکسچینج کمپنیاں اور بی کیٹگری کی ایکسچینج کمپنیاں کوئی کاروباری سرگرمی انجام نہیں دیں گی تاوقتیکہ سی سی ٹی وی سسٹم بحال نہ ہو جائے۔ ترامیم کے مطابق سی سی ٹی وی سسٹم کے ذریعے وڈیو ریکارڈنگ کو محفوظ رکھنے کی کم از کم مدت دو ماہ سے بڑھا کر چھ ماہ یا اس وقت تک کر دی گئی ہے جب اسٹیٹ بینک کمپنی کا معائنہ کرے، ان میں جو مدت بھی پہلے ہو۔ اس طرح آڈٹ معائنے کے مقاصد کے لیے سی سی ٹی وی ریکارڈنگ کی دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے گا۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS (PVT) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
**Brands**

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award 2010 — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

## International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Winner of BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# جولائی۔ستمبر 2022: نیویا میں 15، OJI اور ایل ڈبلیوسی میں 5 روپے کلو اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2021 کی پہلی اور دوسری سہ ماہی میں چائنا کے نیویا کوٹڈ پیپر کے درآمد کنندگان کے لئے قیمتوں کے لحاظ سے نہایت شاندار رہی تھی تاہم 2022 کی پہلی سہ ماہی میں تیزی میں کمی رہی اور قیمتوں میں 30 روپے کے مقابلے میں صرف 12 روپے کلو اضافہ دیکھنے میں آیا۔ تاہم 2022 کی دوسری سہ ماہی میں قیمتوں میں ہفت روزہ ’’پیپر بزنس‘‘ میں مقامی ہول سیل مارکیٹ کے یکم جولائی تا 30 ستمبر 2022 کی تیسری سہ ماہی کے درمیان شائع ہونے والی قیمتوں کے تقابلی جائزے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ نیویا میں 45، اوجے آئی میں 70 اور ایل ڈبلیوسی میں 105 روپے کا اضافہ ہوا تھا لیکن تیسری سہ ماہی میں قیمتوں میں اضافے کا رجحان برقرار نہ رہا اور قیمتوں میں صرف 15 روپے فی کلو تک اضافہ ہوا جو 370 روپے کلو تک پہنچ گیا۔ جبکہ OJI اور ایل ڈبلیوسی میں یہ اضافہ صرف 5 روپے کلو ریکارڈ کیا گیا اور ان کی قیمتیں 375 روپے کلو ہو گئیں۔ ذیل میں تیسری سہ ماہی میں ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ دیا جا رہا ہے۔

## Prices Trend in July-September-2022 (Per Kg Rates)
## Imported **NEVIA COATED PAPER China**

| NEVIA GLOSS | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 80 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 90 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 100 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 105 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 113 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 128 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 150 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |

| NEVIA MATT | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 80 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 90 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 100 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 105 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 113 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 128 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |
| All Size | 150 | 355 | 358 | 360 | 365 | 390 | 375 | 370 | 365 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 15 ) |

| OJI JAPAN | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 80 | 370 | 370 | 370 | 370 | 370 | 380 | 380 | 370 | 375 | 375 | 375 | 375 | ( + 5 ) |
| All Size | 104 | 370 | 370 | 370 | 370 | 370 | 380 | 380 | 370 | 375 | 375 | 375 | 375 | ( + 5 ) |
| All Size | 113 | 370 | 370 | 370 | 370 | 370 | 380 | 380 | 370 | 375 | 375 | 375 | 375 | ( + 5 ) |
| All Size | 128 | 370 | 370 | 370 | 370 | 370 | 380 | 380 | 370 | 375 | 375 | 375 | 375 | ( + 5 ) |

| LWC JAPAN | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 60 | 370 | 370 | 370 | 370 | 370 | 380 | 380 | 370 | 375 | 375 | 375 | 375 | ( + 5 ) |



یہ شمارہ70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# مقامی ڈپلیکس بورڈ اور آفسیٹ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

## آرٹ کارڈ و پیپر، آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی اور مندی گئی اور 5 اکتوبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، نیویا آرٹ پیپر، آرٹ پیپر جاپان، ایل ڈبلیو سی جاپان، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے، اسٹیکر پیپر پرائم چائنا، یونگی چائنا، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ گئی۔ جبکہ مقامی ڈپلیکس بورڈ سنچری سولجر، پولو، کلاسک، مقامی آفسیٹ پیپر پریمئر پی کیو بی، ہاک وائٹ پیپر اور ارسم پیپر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 400 روپے سے کم ہو کر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 370 روپے کم ہو کر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 370 روپے سے کم ہو کر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 375 روپے سے کم ہو کر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیو سی جاپان تمام سائز 60 گرام، 375 روپے سے کم ہو کر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ سولجر برانڈ سنچری تمام سائز 250 گرام کی ریل 253 روپے، تمام سائز 290 گرام کی ریل 260 روپے، تمام سائز 290 اور 340 گرام کی ریل 252 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 250 گرام کی شیٹس 265 روپے، تمام سائز 290 اور 340 گرام کی شیٹس 259 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ پولو برانڈ سنچری تمام سائز تمام سائز 250۔275 گرام کی ریل 280 روپے، تمام سائز 300، 350 اور 400 گرام کی ریل 272 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ تمام سائز 250۔275 گرام کی شیٹس 286 روپے، تمام سائز 300، 350 اور 400 گرام کی شیٹس 278 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ تمام سائز 230۔300 گرام، 165 روپے سے کم ہو کر 150 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 گرام، 180 روپے سے بڑھ کر 184 روپے، 300 اور 350 گرام، 180 روپے سے بڑھ کر 181 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 410 روپے سے کم ہو کر 405 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 53 گرام، 225 روپے سے کم ہو کر 210 روپے، تمام سائز 60 گرام، 225 روپے سے کم ہو کر 210 روپے، تمام سائز 63 گرام، 225 روپے سے کم ہو کر 210 روپے، تمام سائز 68 گرام، 225 روپے سے کم ہو کر 210 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر پریمئر پی کیو بی تمام سائز 68 گرام، 170 روپے سے بڑھ کر 245 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ہاک وائٹ تمام سائز 52 گرام، 130 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ارسم پیپر ملز تمام سائز 63 اور 68 گرام، 150 روپے سے بڑھ کر 210 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1010 روپے سے کم ہو کر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1010 روپے سے کم ہو کر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1030 روپے سے کم ہو کر 1000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 960 روپے سے کم ہو کر 950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 980 روپے سے کم ہو کر 970 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پرائم چائنا 20x30 سائز 2850 روپے سے کم ہو کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 2850 روپے سے کم ہو کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2950 روپے سے کم ہو کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 3000 روپے سے کم ہو کر 2950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## اپریزمنٹ ایسٹ میں ایڈیشنل کلکٹرز کے تبادلے

کراچی (نیوز ڈیسک) ایم سی سی اپریزمنٹ ایسٹ نے فوری طور پر کلکٹریٹ کے اندر ایڈیشنل کلکٹرز کے تبادلوں اور تعیناتیوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ ایڈیشنل کلکٹر۔I سید عمران سجاد بخاری کو ہیڈ کوارٹر، اکاؤنٹس سیکشن، گروپ۔IV اور VI، آر اینڈ ڈی، ایم آئی ایس، پی آر وی، ریکوری، ریفنڈ، لیبارٹری، ایف ٹی او، ریونیو تجزیہ اور کوآرڈینیشن تفویض کیا گیا ہے۔ ایڈیشنل کلکٹر۔II عمر شفیق کو گروپ۔V، VII، VIII، ون کسٹمز، یوزر آئی ڈی، ایڈجیکیشن (ADC لیول)، قانون، سیکیورٹیز، آڈٹ (اندرونی اور بیرونی) میں منتقل کردیا گیا ہے۔ ایڈیشنل کلکٹر۔III مشتاق شاہانی کو درجہ بندی کمیٹی، ایڈوانسڈ رولنگ کمیٹی، گروپ۔I، II، III، ویئرہاؤسنگ، ڈی ٹی آر ای، ایف ٹی اے سیل اور پی ایم سٹیزن پورٹل، پری ریفنڈ آڈٹ میں تبدیل کردیا گیا ہے۔ ایڈیشنل کلکٹر۔IV محمد معظم کو ایس اے پی ٹی، پی آئی سی ٹی، ایسٹ وہارف، آف ڈاک ٹرمینلز، انٹر پورٹ موومنٹ، ٹرانسپشمنٹ، سیف ٹرانسپورٹیشن، ایم سی ڈی اور متعلقہ معاملات میں ایگزمینیشن اور نیلامی کا کام سونپا گیا ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## سندھ حکومتی ڈپارٹمنٹ کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: Admin(GHDA)5(42)2022-23/7
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر گورکھ ہل ڈویلپمنٹ اتھارٹی، بمقام C-54، کلفٹن بلاک-2، عقب آغا خان اسپتال، کلفٹن، کراچی۔

## سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈپارٹمنٹ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: HISDU(P&SHD)PROC/4-68/2022
پیپر A4 سائز، 80 گرام امپورٹڈ، ڈبل اے/ ایچ پی
تعداد: 3500 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 11 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر آفس، 01، برڈ ووڈ روڈ، لاہور۔
فون: 042-99206180

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 14/2022-23
مختلف اقسام کے پیپرز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پرچیز اینڈ اسٹورز، اسٹوریج بلڈنگ، بلاک-3، مین کیمپس، سیکٹر H-8، اسلام آباد۔
فون: 051-9250031-9250035

## سندھ حکومتی ادارے کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: CP&S/AD/Tender/PROC/2022-23-450
مختلف اقسام کے پیپرز، پرنٹنگ اور بائنڈنگ، اسٹیشنری آئٹمز کی فراہمی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر منیجر بک ڈپو، کنٹرولر پرنٹنگ اینڈ اسٹیشنری ڈویلپمنٹ، گیٹ نمبر-4، گورنر ہاؤس کمپاؤنڈ، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی۔

## سرکاری ادارے کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DHOKC/Accounts/8718/22
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈسٹرکٹ سینٹرل، کراچی۔

## ایف بی آر کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LTO/Tender/Acctt/2022-23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 اکتوبر 2022
برائے رابطہ: ڈی ڈی او، لارج ٹیکس پیئرز آفس، پی آر سی ٹاورز،
32-A، لالہ زار، مولوی تمیز الدین خان روڈ، کراچی۔

## سرگودھا انٹر بورڈ کا پیپرز کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 102 / اسٹورز
ہائی فنش بلیوایش پیپر، سائز 68,17x27 گرام،
تعداد: 14,500 ریم
آفسٹ پیپر A3 سائز، 80 گرام، تعداد: 5000 ریم
آفسیٹ پیپر F4A سائز، 80 گرام، تعداد: 1000 ریم
آفسیٹ پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 1500 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: اسٹورز برانچ، سرگودھا۔
فون: 048-350051-3250059

## نیشنل بک فاؤنڈیشن کا پیپر اور کارڈ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 1582/HPH-70(42)2022
بک پرنٹنگ پیپر (لوکل) اور بلیچ کارڈ (امپورٹڈ/لوکل) بڑی مقدار میں۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: 6- ماؤ ایریا، تعلیمی چوک، G-8/4، اسلام آباد۔
فون: 051-9261036-9261533
برائے رابطہ: ریجنل آفس، 45-C، سوک سینٹر، نزد ٹیلی فون ایکسچینج مصطفیٰ ٹاؤن، لاہور۔
فون: 042-99260012
برائے رابطہ: بریل کمپلیکس بلڈنگ، نزد پی ٹی وی اسٹیشن، اسٹیڈیم روڈ، کراچی۔
فون: 021-99231762-99231089

## سیکورٹی پیپرز لمیٹڈ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 13
کرافٹ پیپر لوکل، تعداد: 26 ٹن
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 11 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: مین گیٹ فیکٹری، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔
فون: 021-99248536-7

## اسٹیٹ لائف کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: IT/Po/19/2022
اسٹیشنری کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈپارٹمنٹل ہیڈ، جنرل سروسز، 2nd فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، کراچی۔
فون: 021-99204521

## کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 06-23
دعوت نامے، اور سووینیئر کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، لاہور۔

## کنٹرولر نیول اکاؤنٹس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/2022-23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس آفیسر (ایڈمنسٹریشن) آفس، 14- لیاقت بیرکس، لکی اسٹار، صدر، کراچی۔
فون: 021-48506373

## نیشنل کالج آف آرٹس کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 42-2022
امپورٹڈ پیپرز، 80 گرام۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس سیکشن، 4- شاہراہ قائد اعظم، لاہور۔

## انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

وائٹ لوکل پیپر، سائز 23x36، 80 گرام، تعداد: 500 ریم۔
وائٹ لوکل پیپر، سائز 20x30، 80 گرام، تعداد: 500 ریم۔
وائٹ لوکل پیپر، سائز 23x36، 75 گرام، تعداد: 500 ریم۔
وائٹ لوکل پیپر، سائز 20x30، 75 گرام، تعداد: 500 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 11 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر پریس، اسلام آباد۔
فون: 051-9260734

## پنجاب سوشل سیکورٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PSS/Pro/34/22
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: پی اینڈ پی ڈپارٹمنٹ، ہیڈ آفس، 30-E/3، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔
فون: 042-35865131-3

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اسٹیٹ بینک سے ایل سی کیلئے پیشگی اجازت تاجروں کیلئے مشکلات پیدا کررہی ہے، لاہور چیمبر کا ختم کرنے کا مطالبہ

لاہور (بزنس ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے چیپٹر 84، 85 کے تحت درآمدی دستاویزات کی منظوری کے معاملے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ، گورنر سٹیٹ بینک اور وفاقی وزیر تجارت پر زور دیا ہے کہ اس معاملے کا نوٹس لیں اور ان شقوں کو کاروبار دوست بنانے کے لیے باقاعدہ مکینزم وضع کرنے کی ہدایات جاری کریں۔ ایک بیان میں لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور، سینئر نائب صدر ظفر محمود چودھری اور نائب صدر عدنان خالد بٹ نے کہا کہ لاہور چیمبر کی ممبر بہت سی کمپنیوں نے سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 9 اور 11 کے نتیجے میں درآمدات میں پیش آنے والی مشکلات کے حوالے سے لاہور چیمبر سے مطالبہ کیا ہے، ان سرکلرز کے تحت درآمدات کی غرض سے ٹرانزکشنز کے لیے فارن ایکسچینج آپریشن ڈیپارٹمنٹ سے پیشگی منظوری لینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کی وجہ سے کمرشل بینکوں سے شپنگ دستاویزات کے اجراء میں طویل تاخیر ہوتی ہے، بندرگاہ پر کارگو کی پراسیسنگ میں بہت سا وقت لگتا ہے جس کے لیے درآمد کنندگان کو بہت زیادہ ڈیمرج اور ڈیٹنشن فیس ادا کرنی پڑتی ہے جس کی وجہ سے ان کی کاروباری لاگت میں بہت اضافہ ہورہا ہے۔ لاہور چیمبر کے عہدیداران نے کہا کہ اگر سات تا چودہ فری دنوں میں کارگو ریلیز نہیں کیا جاتا تو شپنگ کمپنیاں 80 ڈالر تا 150 ڈالر یومیہ کنٹینرز کا کرایہ وصول کرتی ہیں جس میں تعطیلات بھی شامل ہیں۔ کاشف انور، ظفر محمود چودھری اور عدنان خالد بٹ نے کہا کہ جب شپنگ لائنز رقم کو بیرون ملک اپنے ہیڈ آفس میں منتقل کرتی ہیں تو ملک کو غیر ملکی زرمبادلہ کی مد میں کافی نقصان ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کا موجودہ نظام، جس میں شپنگ دستاویزات کی بذریعہ پورٹل منظور بھی شامل ہے، شپنگ دستاویزات کے اجراء میں تاخیر کا سبب بن رہا ہے جس کے نتیجے میں اضافی ڈیمرج بھی برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے تجویز پیش کی کہ دستاویزات پیش کرنے کی صورت میں جیسے ہی شپنگ لائنز پورٹ آف لوڈنگ پر بل آف لیڈنگ جاری کریں، امپورٹرز کو بل آف لیڈنگ کی کاپی کے عوض منظوری کے لیے کیس پیش کرنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ اس سے بروقت منظوری لینے اور کنسائنمنٹ پورٹ پر آنے سے قبل دستاویزات کے حصول میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ لیٹر آف کریڈٹ کو سٹیٹ بینک کی گارنٹی حاصل ہے، اس لیے کسی پیشگی منظوری کی ضرورت نہیں۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ اگر قانونی درآمدات کے لیے آسانیاں پیدا نہ کی گئیں تو اسمگلنگ کی راہ ہموار ہوگی جس سے معیشت کو بھاری نقصان پہنچے گا کیونکہ درآمدات سے کسٹم ڈیوٹی اور ٹیکسز کی مد میں حکومت کو بھاری محاصل ملتے ہیں۔ انہوں کہا کہ تمام زیر التوا منظوریوں کے لیے کمرشل بینکوں کو دستاویزات جاری کرنے کی ہدایت کی جائے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ وفاقی وزیر خزانہ، گورنر سٹیٹ بینک اور وفاقی وزیر تجارت اس معاملے پر فوری احکامات جاری کریں گے۔

# یو بی جی کی پاکستان بھر کی تجارتی تنظیموں کے نو منتخب عہدیداروں کو مبارکباد

کراچی (نیوز ڈیسک) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر، چیئرمین شہزاد علی ملک، صدر زبیر طفیل اور دیگر رہنماؤں نے پاکستان بھر سے تجارتی اداروں کے تمام نو منتخب عہدیداروں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ مرکزی ترجمان یو بی جی گلزار فیروز کے اعلامیہ کے مطابق اپنے تہنیتی خط میں یونائیٹڈ بزنس گروپ کے رہنماؤں نے پاکستان بھر میں تباہ کن سیلاب، غذائی عدم تحفظ کے چیلنجز، بیرونی قرضوں کے مسائل، بلند افراط زر اور سیلاب سے متعلق اثرات کے تناظر میں متعدد غیر یقینی معاشی حالات اور آنے والے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ٹیم ورک کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ یو بی جی نے معاشی نمو کو مستحکم کرنے، محصولات میں اضافہ، اخراجات کے معقول انتظام کے ذریعے اخراجات کو معقول بنانے، برآمدات میں اضافہ اور ریلیف اقدامات کے ذریعے تمام شعبوں کے قابل احترام طبقات کی حفاظت کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے تجارتی اداروں کو متحد کرنے کا عہد کیا ہے۔ یو بی جی لیڈران نے بغیر کسی امتیاز کے تمام تجارتی اداروں کو سہولت فراہم کرنے کے اپنے عزم کا اظہار کیا جو کہ حال ہی میں تمام تجارتی اداروں کے لیے اعلان کردہ مراعات کے پیکیج سے ظاہر ہوتا ہے تاکہ ان کو چیلنجوں پر قابو پانے میں مدد مل سکے۔ یو بی جی نے تمام عہدیداروں صدور، سینئر نائب صدور اور نائب صدور اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کو بھی مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔




آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون میں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات میں بھرپور حصہ لیا اور اپیما کے تین اراکین منتخب ہوئے جن میں خامس سعید بٹ کو لاہور چیمبر کی مینجنگ کمیٹی کا چوتھی بار رکن منتخب ہونے کا اعزاز حاصل ہوا جبکہ کارپوریٹ کلاس ممبر اپیما عدنان خالد بٹ نائب صدر منتخب ہوئے جبکہ تیسرے رکن مجاہد مقصود بٹ ہیں۔

**توجہ فرمائیے**

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

**0308-2933229**



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# نیپرا کا حکومت سے بجلی پر ٹیکس ختم کرنے کا مطالبہ

